ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(104)

12-02-2023

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں پر ہونے والی عبادت کے حوالے سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات،سینکڑوں پولیس افسران و اہلکار ڈیوٹی پر تعینات،متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے سیکیورٹی پلان کے مطابق پولیس افسران کو چیک کیا،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر اتوار کے روز ہونے والے پروگرامز کے لیے مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران و اہلکاران تعینات کیے گئے تھے،چھتوں پر بھی پولیس ملازمان کو تعینات کیا گیا۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عبادت گاہوں میں بھی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں،ایسے مقامات کی سیکیورٹی اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے،مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



**بہاول پور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کا چائنیز گارڈ ہائے کا وزٹ،سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(105)

12-02-2023

**بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کا چائینیز گارڈ ہائے کا وزٹ،سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا،دوران ڈیوٹی سستی ولاپرواہی ہرگز برداشت نہیں چائینیز باشندوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہماری اولین ذمہ داری ہے،ڈی پی او۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ،ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی اوسید محمد عباس نے چائنز گارڈ چیمہ ٹاؤن کا وزٹ کیا اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ڈی پی اوکو چائینیز رہائش گاہ کی سیکیورٹی کے حوالے سے متعلقہ انچارج گارڈ نے بریفنگ دی۔ڈی پی او نے انچارج گارڈ سے بات کرتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی کے انتظامات میں کسی قسم کی کوئی کوتاہی کی گنجائش نہیں ہے۔ڈی پی او نے رہائش گاہ کی چھتوں کا بھی معائنہ کیا۔ڈی پی او نے چائینیز رہائش گاہ کی ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاران کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی ڈیوٹی الرٹ ہو کر سرانجام دیں،بلڈنگ میں داخل ہونے والوں کی ایس او پی کے مطابق تلاشی لی جائے اور پوچھ گوچھ کی جائے۔دوران ڈیوٹی سستی ولاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔چائینیز باشندوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ترجیح ہے۔بلڈنگ کے اردگرد پرسیکیورٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔کسی بھی ایمرجنسی صورتحال کے پیش نظر ڈی پی او آفس میں کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے، ٹیلی فون نمبر 9250363062 اور ریسکیو 15 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: پولیس کے افسران اور جوان مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔